© rasailojaraid.com



# ضروری اعلان

گذشتہ ماہ ستمبر ۱۹۴۷ء کے ہنگامہ فساد میں دفتر برہان کی بربادی کی وجہ سے وہ تمام مقالات جو برہان میں شائع ہونے کے لئے رکھے ہوئے تھے اور ان کتابوں کا کل ذخیرہ جو رسالہ میں تبصرہ کے لئے موصول ہوئی تھیں یہ سب چیزیں ضائع ہوگئی ہیں اس لئے ہم مقالہ نگار حضرات اور ناشرین کتب دونوں سے معذرت خواہ ہیں۔ مقالہ نگار اصحاب کے پاس اگر اُن مقالات کی نقول ہوں تو از راہ کرم انہیں بھیجدیں۔ وہ شائع ہو جائیں گے اسی طرح ناشرین کتب حضرات سے گذارش ہے کہ وہ اگر اپنی کتابوں پر برہان میں اب بھی تبصرہ چاہتے ہیں تو ایک ایک نسخہ کتاب کا ارسال فرمادیں۔ آئندہ مہینہ سے برہان میں تبصرہ کا باب پھر سے مستقلاً شروع ہو جائیگا۔ "اڈیٹر"

## اسے ہرگز نہ بھولئے

متعدد اخبارات و رسائل میں اعلان و اطلاع کے باوجود بہت سے حضرات اب بھی "قرول باغ دہلی" کے پتہ پر خطوط اور اخبارات و رسائل بھیج رہے ہیں۔ اس طرح ڈاک میں بے ترتیبی اور بدنظمی ہو رہی ہے۔ مہربانی فرما کر اب "قرول باغ" کو بھول جائیے اور اس نئے پتہ پر ہمیں یاد فرمائیے۔

دفتر برہان اردو بازار جامع مسجد
دہلی
"مینیجر"

© rasailojaraid.com